# Press Release

*For immediate Release*

**July 5, 2016**

**SECP to notify Valuers Registration and Governance Regulations after amending the SECP Act**

ISLAMABAD, July 5: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) notified the draft Valuers Registration and Governance Regulations in April 2016 and placed them on its website to obtain public comments.

The regulations have been developed under the existing provisions of Sections 20 and 40 of the SECP Act, 1997, which empowers the Commission to make regulations. The Commission in its meeting on July 1, 2016, decided to issue these regulations under the amended provisions of Section 20 of the SECP Act, which give specific powers to the Commission to constitute a regulatory framework for oversight of the professional valuers providing services relating to valuation of assets of the companies.

The draft regulations are aimed at regulating and supervising of the work of professional valuers. They provide for the registration mechanism of professional valuers in the form of company, on five specialized valuation panels, for which the prescribed eligibility and fit-and-proper criteria have been defined. The regulations elaborate on quality assurance framework whereby a quality assurance board would be set up to supervise and rate to registered valuers through review of their valuation services. High ethical standards and code of conduct have been prescribed for the sponsors, directors and senior management officers of valuations companies.

The Commission also considered the comments/proposals received from various institutions, and decided to hold a roundtable, and conclude the process of consultation with the public and relevant stakeholders before notifying these regulations by the end of July 2016.

**ویلیوئرزر جسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کوایس ای سی پی ایکٹ میں ترامیم کی منظوری کے بعد نافذ کردیاجائے گا: ایس ای سی پی**

اسلام آباد(۵جولائی)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پیشہ ورانہ ویلیوئرز کوانضباطی دائرہ کارمیں لانے کے پیش نظر ویلیوئرزر جسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کے مسودہ کی منظوری دے دی ہے۔یہ ریگولیشن ایس ای سی پی ایکٹ 1997 کی دفعہ 20اور40 کے میں حاصل اختیارات کے تحت ترتیب دئے گئے ہیں اور عوامی آراءو تجاویز کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر جاری کردیے گئے ہیں۔

کمیشن کے حال ہی میں ہونے والے اجلاس میں فیصلہ کیاگیاہے ویلیوئرزر جسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کوایس ای سی پی ایکٹ میں ترامیم کی منظوری کے بعد بعد،ترمیم شدہ ایکٹ کی سیکشن 20 کے تحت نافذ کیاجائے گا۔ایس ای سی پی ایکٹ کی مجوزہ ترامیم کے تحت کمیشن کواثاثہ جات کے پیشہ ورانہ ویلیوئرز کو

ریگولیٹ کرنے کے باقاعدہ اختیارات دئے گے ہیں۔

نئے ریگولیشن میں ویلیوئرز کو کمپنی کی صورت میں رجسٹریشن کا طریقہ کار فراہم کیا گیا ہے اور ویلیوئرز کے لئے اہلیت کا معیار بھی مقرر کر دیا گیا ہے۔ نئے ریگولیشن میں ویلیوئرز کے کام کا معیار برقرار رکھنے کے لئے فریم ورک بھی دیا گیا ہے جبکہ رجسٹرڈ ویلیوئرز کو ریٹنگ جاری کرنے کے لئے کوالٹی کنٹرول بورڈ بھی قائم کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ ان ریگولیشن میں ویلیوئیشن کمپنی کے ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے کوڈ آف کنڈکٹ اور اخلاقی معیارات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔

ایس ای سی پی کو اب تک کئی افراد و اداروں سے ویلیوئرز رجسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کے مسودے پر تجاویز حاصل ہو چکی ہیں۔ ریگولیشن پر مشاورت کے سلسلے کو حتمی شکل دینے کے لئے ایس ای سی پی ایک راونڈ ٹیبل کانفرنس منعقد کرے گا جس میں تمام شراکت داروں اور سٹیک ہولڈرز کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ تمام شراکت داروں اور سٹیک ہولڈرز سے حاصل ہونے والی تجاویز کی روشنی میں ان ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

یاد رہے کہ اس سے پہلے یہ سیکٹر مجموعی طور پر ریگولیٹ نہیں کیا جا رہا تھا۔ ایس ای سی پی نے اس شعبے کو ریگولیٹ کرنے کے لئے فریم ورک تشکیل دیا اور بین الاقوامی تجربات اور مقامی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ار تمام شراکت داروں بشمول سٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان بینکنگ ایسوسی ایئشن اور پیشہ وارانہ ویلیوئرز کی مشاورت سے ان ریگولیشن کے مسودہ کو ترتیب دیا۔